## سوال

قربانی کے مسائل

## جواب

کسی کو قربانی کا جانور خرید کرلے دینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ہم قربانی کے لیے کسی کو قربانی کا جانور خرید کر دے سکتے ہیں ۔ ؟ ہمارے ایک دوست کا سوال تھا کہ ان کے پاس دو جانور تھے ، ایک جانور انہوں نے اپنے کسی عزیز کے گھر والوں کو دے دیا ہے ، جب کہ انکا عزیز فوت ہوچکا ہے ، توانہوں نے ایک جانوراپنے اس عزیز کے گھر والوں کو دے دیا ہے تاکہ وہ بھی قربانی کر سکیں ، توکیا اس طرح کرنا جائز ہے ؟ کیاانکے عزیز کے گھر والوں کی اس طرح قربانی ہو جائے گی ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! ایسا کرنے کرنے میں بظاہر کوئی ممانعت نظر نہیں آتی ، بلکہ اس میں لوگوں کے ساتھ تعاون اور ہمدردی کا جذبہ پایا جاتا ہے ، لیکن اس عمل سے قربانی اسی شخص کی ہوگی ، جس نے جانور خرید کر دیا ہے اور اس کا ثواب بھی اسی کو ملے گا ۔ جن کو جانور دیا گیا ہے ، ان کی قربانی اس سے نہیں ہوگی ۔ ہاں البتہ اس میں یہ طریقہ ہوسکتا ہے کہ آپ ان کو وہ جانور یا اس کی قیمت ( بطور قربانی کی بجائے ) بطور ہدیہ دے دیں ، تاکہ وہ جانور کے مالک بن جائیں یا نیا جانور خرید لیں ، تو اس طرح ان کی اپنی ہی قربانی شمار کی جائے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث